# 09-04-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔الیکشن کمیشن نے 106 سرکاری ملازمین کو میدک کے بی آر ایس ایم پی امیدوار کی میٹنگ میں شرکت کے بعد معطل کردیا ہے۔

۲۔میونسپل اڈمنسٹریشن کے پرنسپال سکریٹری دانا کشور نے کہا کہ پانی کی سربراہی کے معاملے میں حیدرآباد شہر کا بنگلور سے مقابلہ نہیں کیا جاسکتا ہے۔

۳۔ریاستی حکومت کے تحت کام کرنے والی ٹیکنیکل کمیٹی نے بینکرس سے سفارش کی ہے کہ وہ مختلف فصلوں کے لئے کریڈیٹ لیمیٹ میں اضافہ کریں۔

۴۔تلگو ریاستوں کی عوام آج نیا سال اگادی کا تہوار جوش وخروش کے ساتھ منارہے ہیں۔نئے سال کا تہوار روایتی طریقے اور خوشیوں کے ساتھ منایا جارہا ہے۔

## SUSPEND

الیکشن کمیشن نے 106 سرکاری ملازمین کو میدک کے بی آر ایس ایم پی امیدوار کی میٹنگ میں شرکت کے بعد معطل کردیا ہے۔الیکشن کمیشن نے کہا کہ مثالی انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر انہیں معطل کیا گیا ہے۔میدک کے لوک سبھا بی آر ایس امیدوار وینکٹ رامی ریڈی۔سابق سدا چیرمین روبندر ریڈی اور دیگر چند ایک قائدین نے ایمپلائیٹ گیارنٹی اور ایس ای آر پی ایملائز کے لئے 7 اپریل کو سدی پیٹ کے ریڈی کلیانہ بھون میں بغیر اجازت اجلاس منعقد کیا تھا۔اس ضمن میں وینکٹ رامی ریڈی اور روبندر ریڈی کے خلاف ایک مقدمہ بھی درج کیا گیا ہے۔

## SEIZURE

انتخابات سے قبل نقد رقم۔ سونا۔ شراب۔ اور دیگر اشیاء جو ضبط کئے گئے ہیں سرکاری طور پر بتایا گیا ہے کہ اس کا لاگت 71.73 کروڑ روپئے تک جاپہونچی ہے۔سونا۔چاندی۔ودیگر زیورات جس کی قیمت 10.33 کروڑ روپئے بتائی گئی ہے ضبط کئے گئے ہیں۔عہدیداروں نے بتایا کہ ڈرگس اور نارکوٹیکس جس کی قیمت 15.49 کروڑ روپئے ہے کو ضبط کیا گیا ہے جبکہ 6.2 کروڑ روپئے لاگت کی شراب بھی ضبط کی گئی ہے۔

## SC

سپریم کورٹ نے آج کہا کہ الیکشن میں حصہ لینے والے شخص کو اس کی یا اس کے خاندان کی ملکیت والی ایسی ہر منقولہ جائیداد کی تفصیلات پیش کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔جس سے ووٹنگ کے فیصلے پر کوئی اثر نہیں پڑتا ہو۔

## KISHAN REDDY

مرکزی وزیر اور ریاستی بی جے پی کے صدر جی کشن ریڈی نے مبینہ طور پر کانگریس پارٹی پر الزام لگاتے ہوئے کہا کہ وہ غلط گیارنٹیوں کے

ذریعہ ریاست کی عوام کو گمراہ کررہے ہیں۔ حیدرآباد میں میڈیا کو مخاطب کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ سخت جدوجہد کے بعد تلنگانہ حاصل کیا گیا۔ جبکہ گذشتہ دس سالوں سے کے سی آر کے خاندان نے اپنے ذاتی فائدے کے لئے اس کا استحصال کیا۔ اوراب کانگریس پارٹی برسراقتدار آنے کے بعد یہی کام انجام دے رہی ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ دونوں جماعتیں کانگریس اور بی آر ایس کا ڈی این اے ایک ہی ہے۔ اور کانگریس نہرو خاندان کی شاخ ہے۔ جبکہ بی آر ایس کے سی آر خاندان کی ایک شاخ ہے۔ انہوں نے اس موقع پر ریاستی عوام سے اپیل کی کہ وہ لوک سبھا انتخابات کے موقع پر تمام سترہ نشستوں پر بی جے پی کی تائید کریں۔

WATER

میونسپل اڈمنسٹریشن کے پرنسپال سکریٹری دانا کشور نے کہا کہ پانی کی سربراہی کے معاملے میں حیدرآباد شہر کا بنگلور سے مقابلہ نہیں کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ حیدرآباد کی صورتحال بنگلور جیسی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض علاقوں میں ماہ مارچ کے دوران بورویلس کے سوکھ جانے کی وجہ سے واٹر ٹینکرس کی طالب میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ حیدرآباد کی عوام کو موسم گرما میں پینے کے پانی کے لئے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حیدرآباد کو روزانہ 2610 ملین لیٹرس پانی حاصل ہورہا ہے۔ جبکہ 13 ملین مکانات کو پانی فراہم کیا جاتا ہے۔ جبکہ بنگلور کو روزانہ 1460۔ ایم ایل ڈی۔ پانی حاصل ہوتا ہے۔ جو کہ 12.9 ملین آبادی کو فراہم کیا جاتا ہے۔ پانی کی ضروریات کو مکمل کرنے کے لئے بائیس زائد فلنگ اسٹیشنس اور 200 واٹر کیوسک کا منصوبہ ہے۔ اس کے علاوہ اٹھارہ این جی او۔ 31 ہزار صارفین کو واٹر ٹینکر کے ذریعہ پانی پہونچائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ واٹر بورڈ حیدرآباد کے عوام کی بڑھتی ہوئی پانی کی ضروریات کے پیش نظر انہیں پانے کا پانی پہونچانے کے لئے پابند عہد ہے۔

EID

مرکزی رویت ہلال کمیٹی صدر مجلس علمائے دکن کی جانب سے آج شام شوال مکرم کے چاند دیکھنے کا اہتمام کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ آج انتیس رمضان ہے اور اسلامی مہینے شوال کی پہلی تاریخ کو عیدالفطر منائی جاتی ہے۔ اگر آج چاند نظر آجاتا ہے تو ملک میں کل عید منائی جائے گی۔ اور چاند نظر نہ آنے کی صورت میں کل تیس روزے مکمل ہوں گے اور جمعرات۔ یکم شوال کو عیدالفطر منائی جائے گی۔

CREDIT

ریاستی حکومت کے تحت کام کرنے والی ٹیکنیکل کمیٹی نے بینکرس سے سفارش کی ہے کہ وہ مختلف فصلوں کے لئے کریڈیٹ لیمیٹ میں اضافہ کریں۔ کمیٹی نے دھان کی فصل کے لئے کراپ لون کو 42 ہزار سے بڑھا کر 45 ہزار روپے فی ایکر کرنے کی سفارش کی ہے۔ جبکہ روئی کی کاشت کے لئے 44 ہزار سے 46 ہزار۔ مکئی کی کاشت کے لئے 32 سے 34 ہزار۔ اور ہلدی کی کاشت کے لئے 87 ہزار روپے کی سفارش کی ہے۔ بینک کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ پام آئیل کیلئے قرضہ جات کی حد کو 42 ہزار سے 44 ہزار کریں۔ مرچ ک ے لئے 80 ہزار کے بجائے 84 ہزار اور ٹماٹر کے لئے 50 ہزار سے 55 ہزار حد میں اضافہ کریں۔ اس کے علاوہ بھیڑ اور بکریوں کی یونٹس کے لئے بھی کریڈیٹ لمیٹ میں اضافے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

UGADI

تلگوریاستوں کی عوام آج نیا سال اگادی کا تہوار جوش وخروش کے ساتھ منارہے ہیں۔ نئے سال کا تہوار روایتی طریقے اورخوشیوں کے ساتھ منایا جارہاہے۔ تمام گاوں اورشہروں میں اس تہوار کو دھوم دھام اور جذبے کے ساتھ منایا جارہاہے۔ لوگ مندروں میں خصوصی پوجا کے ذریعہ نئے سال میں امن اورخوشحال کے لئے دعائیں کررہے ہیں۔ مختلف ثقافتی پروگرامس ۔کوی سملین ۔ ودیگر پروگرام مختلف مقامات پرمنعقد کئے گئے ہیں۔ گورنرسی پی رادھا کرشنن۔ وزیراعلی ریونت ریڈی نے ریاستی عوام کواگادی کی مبارکباد پیش کی۔ وزیر جو پلی کرشنا راو نے حیدرآباد میں محکمہ ثقافت کے تحت اگادی تقاریبات کے موقع پر نئے پنچنگ جاری کئے۔ کانگریس کے کارگذارصدر اور رکن قانون ساز کونسل مہیش کمار گوڑ نے گاندھی بھون میں اگادی تقریبات کی قیادت کی۔ ویدیک اسکالرسرینواسا مورتی نے مذہبی تقریبات انجام دیں۔ بی جے پی کے ریاستی صدر کشن ریڈی نے پارٹی آفس میں اگادی تقاریبات میں حصہ لیا۔ اس موقع پر کشن ریڈی نے کہا کہ نیا اگادی سال ہماری زندگیوں میں کافی اہمیت کا حامل ہے۔ اس سال ملک میں انتخابات بھی ہونے والے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ نریندر مودی کی قیادت میں مرکز میں بی جے پی حکومت قائم ہوگی۔ بی آر ایس آفس تلنگانہ بھون میں بھی اگادی تقاریبات جوش وخروش کے ساتھ منائی گئیں۔ پارٹی کے کارگذارصدر کے ٹی راماراو۔ ارکان اسمبلی۔ ارکان کونسل ۔نے تقریب میں حصہ لیا۔ سابق نائب صدر ایم وینکیا نائیڈو نے رنگاریڈی ضلع کے منچی تھل میں سورنا بھارت ٹرسٹ کی جانب سے منعقدہ تقریب میں حصہ لیا۔ اورعوام کو اگادی کی مبارکباد دی۔ اس موقع پر گورنرسی پی رادھا کرشنن اورمرکزی وزیر کشن ریڈی بھی موجود تھے۔

BHATTI

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکر مارکا نے مدھیرا کیمپ آفس میں اگادی تہوار منایا۔ انہوں نے پارٹی کے ارکان ۔کارکنوں اور قائدین اوران کے چاہنے والوں کومبارکباد دی۔ جو بڑی تعداد میں ضلع کھمم میں اگادی تقاریب منانے کے لئے جمع ہوئے ہیں۔ اس موقع پر بھٹی وکرمارکا نے اس سال اچھی بارش اور بہترین فصل کیلئے نیک تمناوں کا اظہار کیا۔

VIKAS RAJ

تلنگانہ کے چیف الکٹورول آفیسر وکاس راج نے آج کہا کہ ریاست میں منعقد ہونے والے مجوزہ پارلیمانی انتخابات کے صاف وشفاف طریقے سے انعقاد کے لئے تمام تیاریاں جاری ہیں۔ انہوں نے سیاسی جماعتوں کوسختی سے پابندی کیا کہ انتخابی مہم کے دوران کسی بھی طریقے سے عوام کو تکالیف نہ پہونچائیں جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ انتخابی ریالیوں کے لئے اجازت نامہ لیناضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی نوٹیفکیشن اس ماہ کی 18 تاریخ کوجاری کیا جائے گا۔

KAVITHA

روس ایوینو کورٹ نے آج بھارت راشٹراسمیتی کی رکن کونسل کے کویتا کی عدالتی تحویل 23۔ اپریل تک بڑھادی ہے۔ واضح رہے کہ شراب پالیسی اور منی لانڈرنگ کیس میں وہ عدالتی تحویل میں ہیں۔ خصوصی جج کاویری باویجا۔ نے انفورسمنٹ ڈائریکٹریٹ کی درخواست کوقبول

کیا جس میں کہا گیا ہے کہ وہ شواہد اور ثبوتوں کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کی کوششیں کر رہی ہیں لہذا ان کی عدالتی تحویل چودہ دنوں تک بڑھانے کی مانگ کی گئی۔اس دوران کویتا نے سی بی آئی جج کو مکتوب لکھ کر بتایا کہ انہیں صرف کچھ لوگوں کے بیانات کی بنیاد پر گرفتار کیا گیا ہے۔جو سیاسی فائدے کے لئے اپنے بیانات تبدیل کر رہے ہیں۔ بعدازاں چار صفحات پر مشتمل خط کو میڈیا کے سامنے جاری کرتے ہوئے اپنے جوڈیشل تحویل کی تاریخ 23 اپریل تک بڑھانے کے بعد انہوں نے زور دے کر کہا کہ ان کا اس معاملے سے کوئی تعلق نہیں ہے۔نہ ہی اس معاملے سے انہیں کچھ معاشی فائدے حاصل ہو رہے ہیں۔انہوں نے جج سے ان کی ضمانت کی درخواست پر از سر نو غور کرنے کی اپیل کی۔

NSUI

انڈین نیشنل اسٹوڈنٹ یونین۔این ایس یو آئی کی یوم تاسیس تقریب حیدرآباد کے گاندھی بھون میں منعقد ہوئی۔اس موقع پر این ایس یو آئی کے ریاستی صدر اور رکن قانون ساز کونسل بی وینکٹ نے پرچم کشائی انجام دی۔اس موقع پر خون کے عطیہ کیمپ کا بھی انعقاد عمل میں لایا گیا۔

HELP LINE

میونسپل چیرمین چٹیالا ستیش نے کہا ہے کہ موسم گرما میں پینے کے پانی کے مسائل کے حل کیلئے ایک خصوصی کنٹرول روم منچریال ضلع کے ناس پور بلدیہ آفس میں قائم کیا جا رہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ عوام پینے کے پانی کی کمی سے متعلق اپنی شکایات ہیلپ لائن نمبر

9555035732

پر صبح چھ بجے سے شام چھ بجے تک درج کرا سکتے ہیں۔

RAINFALL

خانگی محکمہ موسمیاتی ایجنسی۔اسکا میٹ۔نے پیش قیاسی کی ہے کہ اس سال مانسون سیزن جون تا ستمبر کے دوران معمول کے مطابق بارش ہوگی۔جبکہ مرکزی اور مغربی علاقوں میں معمول سے زیادہ بارش ہوگی۔جبکہ ریاست کے شمالی اور جنوبی حصوں میں معمول کی بارش ہوگی۔شمال مشرقی بھارت اور ملک کے مشرقی حصوں میں معمول سے کم بارش کا امکان ہے۔

RAINS

محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کئے گئے بیان میں کہا گیا ہے کہ آئندہ دو دنوں کے دوران ریاست تلنگانہ کے کچھ اضلاع میں ہلکی سے اوسط درجہ کی بارش کا امکان ہے۔اس کے علاوہ کچھ مقامات پر تیس تا چالیس کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں چلیں گی۔

IPS

سینئر آئی پی ایس آفیسر راجیو رتن کی آج قلب پر حملے کے باعث حیدرآباد کے ایک سرکاری دواخانے میں موت ہوگئی۔رتن، 1991 بیاچ کے آئی پی ایس آفیسر تھے۔ان کی عمر 60 سال تھی۔انہوں نے ڈائریکٹر جنرل آف تلنگانہ۔ویجلنس اینڈ انفورسمنٹ کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔رتن ویجلنس اینڈ انفورسمنٹ انکوئری کے صدر بنائے گئے تھے جو ریاستی حکومت کی جانب سے کالیشورم پراجکٹ کے

میڈی گڈہ بیارج کی تحقیقات انجام دے رہا تھا۔انہوں نے کریم نگر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ۔ڈائریکٹر جنرل آف اسٹیٹ فائر سرویس، انسپکٹر جنرل ٹو حیدرآباد ریجن۔اور پولیس ہاوزنگ کارپوریشن کے ایم ڈی کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔تلنگانہ کے لئے انچارج گورنرسی پی رادھا کرشنن اوروزیراعلی ریونت ریڈی نے رتن کی اچانک موت پر صدمے کا اظہار کیا ہے۔اوروزیراعلی نے بہ حیثیت آئی پی ایس آفیسر محکمہ پولیس میں ان کی تحویل خدمات کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ راجیورتن نے غیر معمولی خدمات انجام دی ہیں۔وزیراعلی نے کہا کہ ان کی غیر معمولی صلاحیتوں اورایماندارانہ خدمات کے لئے تلنگانہ سماج طویل عرصے تک انہیں یادرکھے گا۔